© rasailojaraid.com



# امیرِ شریعت کے بعد

ملا نہ پھر کہیں لطفِ کلام تیرے بعد
حدیث شوق رہی ناتمام تیرے بعد

ترس گئی ہے سماعت تری صداؤں کو
سنا نہ پھر کہیں تیرا پیام تیرے بعد

جو تیرے دستِ حوادث شکن میں دیکھی تھی
وہ تیغ پھر نہ ہوئی بے نیام تیرے بعد

بنا ہے حرفِ شکایت سکوتِ لالہ و گل
بدل گیا ہے چمن کا نظام تیرے بعد

سیف الدین سیفؔ



© rasailojaraid.com